# زیارت دیگر امام آخرالزماں (عج)

علماحق نے معتبر کتابوں میں لکھا ہے کہ یہ زیارت دروازے پر کھڑے ہوکر پڑھے کہ یہ بہ منزلہ اذن دخول کے ہے:

اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيفَةَ اللهِ وَخَلِيفَةَ آبائِهِ الْمَهْدِيِّينَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا وَصِيَّ الْاَوْصِياءِ

سلام ہو آپ پر اے خدا کے نائب اور اپنے ہدایت یافتہ بزرگان کے نائب سلام ہو آپ پر اے تمام گزشتہ اوصیاء کے

الْماضِينَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا حافِظَ أَسْرَارِ رَبِّ الْعالَمِينَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا بَقِيَّةَ اللهِ مِنَ

وصی سلام ہو آپ پر اے پروردگار جہاں کے اسرار کے محافظ سلام ہو آپ پر کہ خدا نے اپنے نیک برگزیدہ بندوں

الصَّفْوَةِ الْمُنْتَجَبِينَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْاَنْوارِ الزَّاهِرَةِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْاَعْلامِ

میں سے آپ کو باقی رکھا آپ پر سلام ہو اے ان کے فرزند جو چمکتے ہوئے نور ہیں سلام ہو آپ پر اے ان کے فرزند جو لہراتے

الْباهِرَةِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْعِتْرَةِ الطَّاهِرَةِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا مَعْدِنَ الْعُلُومِ النَّبَوِيَّةِ اَلسَّلامُ

ہوئے { ے ہیں آپ پر سلام ہو اے ان کے فرزند جن کی عترت پاک ہے آپ پر سلام ہو اے علوم نبوی کے گنج گراں مایہ

عَلَيْكَ يَا بابَ اللهِ الَّذِي لا يُؤْتىٰ إِلَّا مِنْهُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا سَبِيلَ اللهِ الَّذِي مَنْ

آپ پر سلام ہو اے دروازہ الٰہی کہ جس کے بغیر کوئی اندر نہیں آ سکتا سلام ہو آپ پر اے خدا کی وہ راہ جو اسے چھوڑ کے

سَلَكَ غَيْرَهُ هَلَكَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا ناظِرَ شَجَرَةِ طُوبىٰ وَسِدْرَةِ الْمُنْتَهى اَلسَّلامُ

چلے وہ تباہ ہو جاتا ہے آپ پر سلام ہو اے درخت طوبیٰ اور سدرۃ المنتہیٰ کو دیکھنے والے آپ پر

عَلَيْكَ يَا نُورَ اللهِ الَّذِي لا يُطْفَأُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ الَّتِي لا تَخْفىٰ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ

سلام ہو اے خدا کے وہ نور جو بجھتا نہیں آپ پر سلام ہو اے خدا کی وہ حجت جو چھپتی نہیں آپ پر سلام ہو

يَا حُجَّةَ اللهِ عَلَى مَنْ فِي الْاَرْضِ وَالسَّماءِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ سَلامَ مَنْ عَرَفَكَ بِما عَرَّفَكَ

جو خدا کی حجت ہیں ہر موجود پر جو زمین و آسمان میں ہے آپ پر سلام ہو اسکا سلام جس نے آپکو پہچانا ایسے %% خدا نے آپکی معرفت کرائی

بِهِ اللهُ وَنَعَتَكَ بِبَعْضِ نُعُوتِكَ الَّتِي أَنْتَ أَهْلُها وَفَوْقَها أَشْهَدُ أَنَّكَ الْحُجَّةُ عَلَى مَنْ مَضىٰ

اور آپ کے وہ اوصاف گنوائے جن کے آپ اہل ہیں بلکہ ان سے بلند ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ حجت ہیں اس پر

وَمَنْ بَقِيَ وَأَنَّ حِزْبَكَ هُمُ الْغالِبُونَ وَأَوْلِيائَكَ هُمُ الْفائِزُونَ وَأَعْدائَكَ هُمُ الْخاسِرُونَ

جوگزر گئے اور جو باقی ہیں بے شک آپکا گروہ فتح مند ہے آپکے دوست کامیابی پانے والے اور آپکے دشمن نقصان اٹھانے والے ہیں یقیناً آپ تمام علوم کے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

وَأَنَّکَ خازِنُ کُلِّ عِلْمٍ وَفاتِقُ کُلِّ رَتْقٍ وَمُحَقِّقُ کُلِّ حَقٍّ وَمُبْطِلُ کُلِّ باطِلٍ رَضِيتُکَ يَا

خزینہ دار، ہر گتھی سلجھانے والے، ہر حق کو ظاہر کرنے والے، ہر باطل کو غلط ثابت کرنے والے ہیں میں خوش ہوں اے میرے آقا کہ آپ امامؑ ہیں رہبر

مَوْلایَ إِماماً وَهادِياً وَوَلِيّاً وَمُرْشِداً لاَ أَبْتَغِي بِکَ بَدَلاً وَلاَ أَتَّخِذُ مِنْ دُونِکَ وَلِيّاً أَشْهَدُ أَنَّکَ

ہیں ولی ہیں اور رہنما ہیں میں آپکے سوا کسی کا خواہش مند نہیں ہوں اور آپ کے علاوہ کسی کو اپنا سرپرست نہیں بناتا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ وہ محکم حق

الْحَقُّ الثَّابِتُ الَّذِي لاَ عَيْبَ فِيهِ وَأَنَّ وَعْدَ اللهِ فِيکَ حَقٌّ لاَ أَرْتابُ لِطُولِ الْغَيْبَةِ وَبُعْدِ الْأَمَدِ

ہیں جس میں کوئی خامی نہیں اور آپکے بارے میں خدا کا وہ وعدہ سچا ہے اور میں آپکی طویل غیبت اور مدت دراز میں شک نہیں لاتا اور میں سرگرداں نہیں

وَلاَ أَتَحَيَّرُ مَعَ مَنْ جَهِلَکَ وَجَهِلَ بِکَ مُنْتَظِرٌ مُتَوَقِّعٌ لِأَيَّامِکَ وَأَنْتَ الشَّافِعُ الَّذِي لاَ تُنازَعُ

اس طرح جو آپ کو اور آپ کے مقام کو نہیں جانتا بلکہ میں آپکے عہد کی امید و انتظار رکھتا ہوں آپ شفاعت کرنے والے

وَالْوَلِيُّ الَّذِي لاَ تُدافَعُ ذَخَرَکَ اللهُ لِنُصْرَةِ الدِّينِ وَإِعْزازِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْانْتِقامِ مِنَ الْجاحِدِينَ

ہیں اس میں اختلاف نہیں اور وہ ولی ہیں جو دور نہیں ہوتے خدا نے آپکو اپنے دین کی نصرت، مومنوں کی عزت وحرمت اور ضدی جاہل دشمنوں سے انتقام

الْمارِقِينَ أَشْهَدُ أَنَّ بِوِلايَتِکَ تُقْبَلُ الْأَعْمالُ وَتُزَکَّىٰ الْأَفْعالُ وَتُضاعَفُ الْحَسَناتُ وَتُمْحَى

لینے کیلئے محفوظ کر رکھا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپکی ولایت کے ذریعے اعمال قبول ہوتے ہیں، کاموں میں پاکیزگی آتی ہے، نیکیاں دگنی ہو جاتی ہیں

السَّيِّئاتُ فَمَنْ جاءَ بِوِلايَتِکَ وَاعْتَرَفَ بِإِمامَتِکَ قُبِلَتْ أَعْمالُهُ وَصُدِّقَتْ أَقْوالُهُ وَتَضاعَفَتْ

اور برائیاں مٹ جاتی ہیں پس جو آپکی ولایت پر اعتقاد اور آپکی امامت پر یقین کیساتھ آئے اسکے اعمال قبول ہوتے ہیں اسکے اقوال میں سچائی آتی ہے

حَسَناتُهُ وَمُحِيَتْ سَيِّئاتُهُ وَمَنْ عَدَلَ عَنْ وِلايَتِکَ وَجَهِلَ مَعْرِفَتَکَ وَاسْتَبْدَلَ بِکَ غَيْرَکَ

اسکی نیکیاں دگنی ہو جاتی ہیں اور اسکی بدیاں مٹ جاتی ہیں مگر جو آپکی ولایت سے برگشتہ ہو آپکی معرفت نہ رکھتا ہو اور آپکی جگہ کسی

کَبَّهُ اللهُ عَلَى مَنْخَرِهِ فِي النَّارِ وَلَمْ يَقْبَلِ اللهُ لَهُ عَمَلاً وَلَمْ يُقِمْ لَهُ يَوْمَ الْقِيامَةِ وَزْناً أُشْهِدُ اللهَ وَأُشْهِدُ

اور کو مانتا ہو تو خدا اسے منہ کے بل آگ میں ڈالے گا خدا س کے اعمال قبول نہیں کرے گا اور روز قیامت اس کے اعمال کا

مَلائِکَتَهُ وَأُشْهِدُکَ يَا مَوْلايَ بِهٰذَا ظاهِرُهُ کَباطِنِهِ وَسِرُّهُ کَعَلانِيَتِهِ وَأَنْتَ الشَّاهِدُ عَلَى ذٰلِکَ وَهُوَ

وزن نہیں کریگا میں گواہ بناتا ہوں خدا کو اور گواہ بناتا ہوں اسکے فرشتوں کو اور گواہ بناتا ہوں آپکو اے میرے آقا اس پر کہ میرا ظاہر میرے باطن

عَهْدِي إِلَيْکَ وَمِيثاقِي لَدَيْکَ إِذْ أَنْتَ نِظامُ الدِّينِ وَيَعْسُوبُ الْمُتَّقِينَ وَعِزُّ الْمُوَحِّدِينَ وَبِذٰلِکَ

جیسا اور پوشیدہ آشکار جیسا ہے اور آپ اس بات کے گواہ ہیں اور وہ آپ سے میرا عہد اور آپ کے سامنے میرا پیمان ہے کیونکہ آپ

أَمَرَنِي رَبُّ الْعالَمِينَ فَلَوْ تَطاوَلَتِ الدُّهُورُ وَتَمادَتِ الْأَعْمارُ لَمْ أَزْدَدْ فِيکَ إِلَّا يَقِيناً وَلَکَ

دین کے نگہدار پرہیزگاروں کے سردار اور توحید پرستوں کی عزت ہیں اس کا حکم مجھے جہانوں کے پروردگار نے دیا پس اگر زمانے دراز ہو جائیں اور عمریں

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

إِلاَّ حُبّاً وَعَلَيْکَ إِلاَّ مُتَّکَلاً وَمُعْتَمَداًوَلِظُهُورِکَ إِلاَّ مُتَوَقِّعاًوَمُنْتَظِراً وَلِجِهادِی بَيْنَ يَدَيْکَ

طویل ہو جائیں تو بھی آپ کے بارے میں یقین بڑھے گا اور آپ کی محبت زیادہ ہوگی آپ پر بھروسہ اور اعتماد بڑھے گا میں آپکے ظہور کی امید وانتظار

مُتَرَقِّباً فَأَبْذُلُ نَفْسِی وَمالِي وَوَلَدِی وَأَهْلِي وَجَمِيعَ مَا خَوَّلَنِی رَبِّی بَيْنَ يَدَيْکَ وَالتَّصَرُّفَ

کروں گا میں آپکی معیت میں جہاد کیلئے آمادہ رہوں گا تا کہ میں اپنی جان اپنا مال اپنی اولاد اپنا کنبہ اور جو کچھ خدا نے دیا ہے وہ آپ کے سامنے پیش کروں

بَيْنَ أَمْرِکَ وَنَهْيِکَ مَوْلایَ فَإِنْ أَدْرَکْتُ أَيَّامَکَ الزَّاهِرَةَ وَأَعْلامَکَ الْباهِرَةَ فَها أَنَاذَا عَبْدُکَ

اور آپ کے امر اور نہی کی حد میں رہوں اے میرے آقا پس اگر میں نے پا لیا آپ کے روشن دنوں اور آپ کے لہراتے { وں کو تو میں آپ کا غلام ہوں

الْمُتَصَرِّفُ بَيْنَ أَمْرِکَ وَنَهْيِکَ أَرْجُو بِهِ الشَّهادَةَ بَيْنَ يَدَيْکَ وَالْفَوْزَ لَدَيْکَ مَوْلایَ

آپ کا امر اور نہی کو ماننے والا اور اس بات کا خواہاں کہ آپ کے سامنے شہادت پاؤں اور آپ کے حضور کامیاب ہوں میرے مولا

فَإِنْ أَدْرَکَنِی الْمَوْتُ قَبْلَ ظُهُورِکَ فَإِنِّی أَتَوَسَّلُ بِکَ وَبِآبائِکَ الطَّاهِرِينَ إِلَی اللهِ تَعالی

اگر آپ کے ظہور سے پہلے مجھے موت آ جائے تو بے شک میں وسیلہ بناتا ہوں آپ کو اور آپ کے پاک بزرگان کو خدا کے حضور اور

وَأَسْأَلُهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ يَجْعَلَ لِي کَرَّةً فِي ظُهُورِکَ وَرَجْعَةً فِي

اس سے سوال کرتا ہوں کہ وہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرمائے اور یہ کہ آپکے ظہور کے وقت مجھے زندہ کرے اور آپکے دور میں مجھے واپس لائے

أَيَّامِکَ لِأَبْلُغَ مِنْ طاعَتِکَ مُرادِی وَأَشْفِيَ مِنْ أَعْدَائِکَ فُؤَادِی مَوْلایَ وَقَفْتُ فِي زِيارَتِکَ

تا کہ آپکی اطاعت سے اپنی مراد کو پہنچوں اور دشمنوں کی نابودی سے اپنا دل ٹھنڈا کروں میرے مولا آپ کی زیارت کیلئے کھڑا ہوں

مَوْقِفَ الْخاطِئِينَ النَّادِمِينَ الْخائِفِينَ مِنْ عِقابِ رَبِّ الْعالَمِينَ وَقَدِ اتَّکَلْتُ عَلَی شَفاعَتِکَ وَ

%o کھڑے ہوتے ہیں خطا کار شرمسار کہ جو جہانوں کے پروردگار کے عذاب سے ڈرتے ہیں یقیناً میں اعتماد کرتا ہوں آپکی شفاعت پر اور امیدوار ہوں

رَجَوْتُ بِمُوالاتِکَ وَشَفاعَتِکَ مَحْوَ ذُنُوبِی وَسَتْرَ عُيُوبِی وَمَغْفِرَةَ زَلَلِی فَکُنْ لِوَلِيِّکَ يَا

بوجہ آپکی محبت کے اور آپکی شفاعت سے میرے گناہ مٹ جائیں گے میرے عیب چھپ جائینگے اور میری خطائیں معاف ہو جائیں گی اپنے موالی

مَوْلایَ عِنْدَ تَحْقِيقِ أَمَلِهِ وَاسْأَلِ اللهَ غُفْرانَ زَلَلِهِ فَقَدْ تَعَلَّقَ بِحَبْلِکَ وَتَمَسَّکَ بِوِلايَتِکَ وَ

کا ساتھ دیں اے میرے مولا تا کہ اس کی آرزو بر آئے اور خدا سے دعا کریں کہ خدا اسکی خطائیں معاف کرے کہ وہ آپکے دامن سے وابستہ ہے آپکی

تَبَرَّأَ مِنْ أَعْدائِکَ.اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَنْجِزْ لِوَلِيِّکَ مَا وَعَدْتَهُ اَللّٰهُمَّ أَظْهِرْ کَلِمَتَهُ

ولایت کا سہارا لیتا ہے اور آپکے دشمنوں سے بیزار ہے اے معبود محمدؐ اور انکی آل پر رحمت نازل فرما اور تو نے اپنے ولی سے جو وعدہ کیا ہے پورا فرما اے معبود

وَأَعْلِ دَعْوَتَهُ وَانْصُرْهُ عَلَی عَدُوِّهِ وَعَدُوِّکَ يَارَبَّ الْعالَمِينَ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ

عیاں فرما ان کے قول کو اور عام کر ان کی دعوت کو مدد دے انہیں ان کے اور اپنے دشمن کے خلاف اے جہانوں کے پرودگار اے معبود محمدؐ و آل محمدؐ پر

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

مُحَمَّدٍ وَأَظْهِرْ كَلِمَتَكَ التَّامَّةَ وَمُغَيَّبَكَ فِي أَرْضِكَ الْخائِفَ الْمُتَرَقِّبَ. اَللّٰهُمَّ انْصُرْهُ نَصْراً

رحمت نازل فرما اور ظاہر فرما اپنے کامل تر کلمہ کو جو تیری زمین پر پوشیدہ و غائب اور حالت خوف میں منتظر ہے اے معبود اس کی مدد کر جس سے وہ غالب رہے

عَزِيزاً وَافْتَحْ لَهُ فَتْحاً يَسِيراً اَللّٰهُمَّ وَأَعِزَّ بِهِ الدِّينَ بَعْدَ الْخُمُولِ وَأَطْلِعْ بِهِ الْحَقَّ بَعْدَ الْأُفُولِ وَأَجْلِ

اور اسے کامیابی دے ‫ سانی کیساتھ اے معبود اسکے ہاتھوں دین کو غلبہ دے جب وہ کمزور ہو اسکے ذریعے حق کو ظاہر فرما جب وہ پوشیدہ ہو اسکے ذریعے

بِهِ الظُّلْمَةَ وَاكْشِفْ بِهِ الْغُمَّةَ. اَللّٰهُمَّ وَآمِنْ بِهِ الْبِلادَ وَاهْدِ بِهِ الْعِبادَ اَللّٰهُمَّ امْلَأْ بِهِ الْاَرْضَ عَدْلاً وَ

تاریکی کو روشنی میں بدل دے اسکے ذریعے باطل کا پردہ ہٹا دے اے معبود امام العصرؑ کے ذریعے شہروں کو امن عطا کر اور بندوں کو ہدایت دے اے معبود

قِسْطاً كَما مُلِئَتْ ظُلْماً وَجَوْراً إِنَّكَ سَمِيعٌ مُجِيبٌ. اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللهِ ائْذَنْ لِوَلِيِّكَ

انکے ذریعے زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے %oo وہ ظلم و زیادتی سے بھر چکی ہے بے شک تو سننے والا قبول کرنے والا ہے آپ پر سلام ہو اے ولی خدا

فِي الدُّخُولِ إِلَى حَرَمِكَ صَلَواتُ اللهِ عَلَيْكَ وَعَلَى آبائِكَ الطَّاهِرِينَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكاتُهُ.

اجازت دیں اپنے محبّ کو کہ وہ ‫ پ کے حرم میں داخل ہو خدا کا درود ہو ‫ پ پر اور ‫ پ کے پاک و پاکیزہ ‫ باء پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات ہوں ۔

اس کے بعد اس سرداب میں داخل ہو جائے جہاں امام العصرؑ غائب ہوئے تھے دونوں دروازوں کے درمیان کھڑے ہو کر دروازوں کو اپنے ہاتھ سے پکڑے اور اس طرح کھانسے %oo اندر ‫ نے کی اجازت لینے والا شخص کھانسا کرتا ہے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ پڑھے اور نیچے کی طرف سرداب میں ‫ ہستہ سے اترتا جائے جب ایک بر ‫ مدہ نما کھلی جگہ پر پہنچے تو وہاں دو رکعت نماز بجالائے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي هَدانا لِهٰذا وَعَرَّفَنا

خدا بزرگتر ہے خدا بزرگتر ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اللہ بزرگتر ہے اور اللہ کیلئے ہی حمد ہے حمد ہے خدا کیلئے جس نے ہمیں یہ راہ دکھائی ہمیں اپنے

أَوْلِيائَهُ وَأَعْدآئَهُ وَوَفَّقَنا لِزِيارَةِ أَئِمَّتِنا وَلَمْ يَجْعَلْنا مِنَ الْمُعانِدِينَ النَّاصِبِينَ وَلاَ مِنَ الْغُلاةِ الْمُفَوِّضِينَ

دوستوں اور اپنے دشمنوں کی پہچان کرائی اور ہمیں ائمہؑ کی زیارت کی توفیق دی اس نے ہمیں انکے دشمنوں اور مخالفوں میں نہیں رکھا نہ غالیوں اور !فوّضہ میں

وَلاَ مِنَ الْمُرْتابِينَ الْمُقَصِّرِينَ. اَلسَّلامُ عَلَى وَلِيِّ اللهِ وَابْنِ أَوْلِيائِهِ اَلسَّلامُ عَلَى الْمُدَّخَرِ لِكَرامَةِ

داخل کیا اور نہ شک کرنے والوں شان گھٹانے والوں میں قرار دیا سلام ہو ولی خدا اور اولیاء خدا کے فرزند پر سلام ہو اس ذخیرہ پر جو دوستان خدا کی عزت اور

أَوْلِياءِ اللهِ وَبَوارِ أَعْدائِهِ اَلسَّلامُ عَلَى النُّورِ الَّذِي أَرادَ أَهْلُ الْكُفْرِ إِطْفائَهُ فَأَبَى اللهُ إِلَّا أَنْ يُتِمَّ نُورَهُ

دشمنوں کی نابودی کا ذریعہ ہے سلام ہو اس نور پر کہ اہل کفر جسے بجھانے پر ‫ مادہ ہوئے تو خدا نے انہیں روکا تاکہ انکی کراہت کے باوجود اس نور کو کامل کرے

بِكُرْهِهِمْ وَأَيَّدَهُ بِالْحَياةِ حَتَّى يُظْهِرَ عَلَى يَدِهِ الْحَقَّ بِرَغْمِهِمْ أَشْهَدُ أَنَّ اللهَ اصْطَفاكَ صَغِيراً وَأَكْمَلَ

اسے زندہ رکھ کر قوت دے حتی کہ اسکے ہاتھ پر اور دشمنوں کے باوجود حق ظاہر ہو میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً خدا نے ‫ پ کو بچپن ہی میں چنا اور اپنے تمام علوم

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

لَکَ عُلُومَهُ کَبِیراً وَأَنَّکَ حَیٌّ لا تَمُوتُ حَتّی تُبْطِلَ الْجِبْتَ وَالطَّاغُوتَ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَیْهِ وَعَلَی

آپکو عطا کیے اور بے شک آپ زندہ ہیں مریں گےنہیں جب تک بت پرست و سرکش کو تباہ نہ کر دیں اے معبود مہدیؑ پر رحمت فرما

خُدّامِهِ وَأَعْوانِهِ عَلَی غَیْبَتِهِ وَنَأْیِهِ وَاسْتُرْهُ سَتْراً عَزِیزاً وَاجْعَلْ لَهُ مَعْقِلاً حَرِیزاً وَاشْدُدِ اَللّٰهُمَّ وَ

ان کے خدمتگاروں پر ان کے ساتھیوں پر اور ان کی غیبت و دوری پر ان کوعزت کے ساتھ پوشیدہ رکھ اور انہیں محفوظ جگہ پر پناہ دے

طْأَتَکَ عَلَی مُعانِدِیهِ وَاحْرُسْ مَوالِیهِ وَزائِرِیهِ. اَللّٰهُمَّ کَما جَعَلْتَ قَلْبِی بِذِکْرِهِ مَعْمُوراً فَاجْعَلْ

اور اے معبود انکے ہاتھوں انکے دشمنوں پر سختی کر اور انکے دوستوں اور زائروں کو تحفظ دے اے معبود جسطرح تو نے میرے دل کو ان

سِلاحِی بِنُصْرَتِهِ مَشْهُوراً وَإِنْ حالَ بَیْنِی وَبَیْنَ لِقائِهِ الْمَوْتُ الَّذِی جَعَلْتَهُ عَلَی عِبادِکَ حَتْماً

کے ذکر سے آباد کیا پس میرے ہتھیاروں کو انکی مدد میں رواں کر دے اور اگر میری موت مجھے ان سے نہ ملنے دے جسے تو نے اپنے بندوں کے لیے لازم

وَأَقْدَرْتَ بِهِ عَلَی خَلِیقَتِکَ رَغْماً فَابْعَثْنِی عِنْدَ خُرُوجِهِ ظاهِراً مِنْ حُفْرَتِی مُؤْتَزِراً کَفَنِی حَتَّی

بنا رکھا اور تو نے مخلوق کی مرضی کے خلاف موت کو اس پر حاوی کیا ہے تو بھی امامؑ کے خروج کے وقت مجھے کفن سمیت میری قبر سے اٹھانا تا کہ میں انکے

أُجاهِدَ بَیْنَ یَدَیْهِ فِی الصَّفِّ الَّذِی أَثْنَیْتَ عَلَی أَهْلِهِ فِی کِتابِکَ فَقُلْتَ کَأَنَّهُمْ بُنْیانٌ مَرْصُوصٌ.

رو برو اس صف میں جہاد کروں جس کی تو نے اپنی کتاب میں تعریف فرمائی ہے جسے تو نے کہا کہ وہ سیسہ پلائی دیوار کی طرح ثابت قدم ہیں

اَللّٰهُمَّ طالَ الانْتِظارُ وَشَمِتَ بِنَا الْفُجّارُ وَصَعُبَ عَلَیْنَا الانْتِصارُ اَللّٰهُمَّ أَرِنا وَجْهَ وَلِیِّکَ الْمَیْمُون

اے معبود انتظار طویل ہو گیا بدکار ہم پر زیادتی کرتے ہیں جن سے بدلہ لینا ہمارے لیے مشکل ہے اے معبود ہمیں

فِی حَیاتِنا وَبَعْدَ الْمَنُونِ اَللّٰهُمَّ إِنِّی أَدِینُ لَکَ بِالرَّجْعَةِ بَیْنَ یَدَیْ صاحِبِ هذِهِ الْبُقْعَةِ الْغَوْثَ

اس زندگی میں اور موت کے بعد اپنے ولیؑ کا مبارک چہرہ دکھا دے اے معبود میں معتقد ہوں کہ رجعت واقع ہو گی اس صاحب بارگاہ کے عہد

الْغَوْثَ الْغَوْثَ یَا صاحِبَ الزَّمانِ قَطَعْتُ فِی وُصْلَتِکَ الْخُلاَّنَ وَهَجَرْتُ لِزِیارَتِکَ الْاَوْطانَ

میں المدد المدد المدد اے امامؑ وقت آپ سے ملاقات کی خاطر میں دوستوں سے جدا ہوا ہوں آپکی زیارت کیلئے وطن چھوڑا ہے اور اپنے معاملے

وَأَخْفَیْتُ أَمْرِی عَنْ أَهْلِ الْبُلْدانِ لِتَکُونَ شَفِیعاً عِنْدَ رَبِّکَ وَرَبِّی وَإِلَی آبائِکَ وَمَوالِیَّ فِی حُسْنِ

کوشہروں کے لوگوں سے پوشیدہ رکھا ہے تا کہ آپ اپنے اور میرے رب کیسامنے میری شفاعت کریں اپنے بزرگوں اور میرے آقاؤں سے سفارش کریں

التَّوْفِیقِ لِی وَإِسْباغِ النِّعْمَةِ عَلَیَّ وَسَوْقِ الْإِحْسانِ إِلَیَّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

کہ میرے لیے بہترین توفیق بالا تر نعمتوں اور لگا تار مہربانیوں کی دعا کریں اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر

أَصْحابِ الْحَقِّ وَقادَةِ الْخَلْقِ وَاسْتَجِبْ مِنِّی مَا دَعَوْتُکَ وَأَعْطِنِی مَا لَمْ أَنْطِقْ بِهِ فِی

رحمت فرما جو حق کے حامل اور مخلوق کے رہبر ہیں اور جو دعا میں نے مانگی ہے قبول فرما وہ بھی عطا کر جو میں نے اپنی دعا

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

دُعـائِـی مِنْ صَلاحِ دِینِی وَدُنْیایَ إِنَّکَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الطَّاهِرِینَ.

میں طلب نہیں کیا دین و دنیا کی بہتری میں سے کہ بے شک تو تعریف والا شان والا ہے اور خدا محمدؐ اور انکی پاک آلؑ پر رحمت کرے

اب صفہ میں چلا جائے وہاں دو رکعت نماز ادا کرے اور یہ دعا پڑھے: اَلـلّٰهُـمَّ عَبْـدُکَ الـزَّائِـرُ فِـی فِنـاءِ

اے معبود تیرا یہ بندہ تیرے ولیؑ کے آستان کی زیارت

وَلِیِّکَ الْـمَـزُورِ الَّـذِی فَـرَضْـتَ طـاعَتَـهُ عَـلَـی الْعَبِیدِ وَالْاَحْرارِ وَأَنْقَذْتَ بِهِ أَوْلِیائَکَ مِنْ

کر رہا ہے اس امامؑ کی زیارت جس کی اطاعت تو نے ہر غلام و آزاد پر فرض کی اور جن کے ذریعے تیرے دوست عذاب جہنم سے چھوٹیں گے اے معبود

عَـذابِ الـنَّـارِ اَلـلّٰهُـمَّ اجْـعَـلْـهـا زِیارَةً مَقْبُولَةً ذاتَ دُعاءٍ مُسْتَجابٍ مِنْ مُصَدِّقٍ بِوَلِیِّکَ غَیْرِ

اسے میری مقبول زیارت قرار دے جس میں دعا قبول ہو جائے جو تیرے ولی کی تصدیق کرنے والے نے کی ہے جس میں کوئی شک نہیں اے معبود اسے

مُـرْتـابٍ اَلـلّٰهُمَّ لا تَجْعَلْهُ آخِرَ الْعَهْدِ بِهِ وَلا بِزِیارَتِهِ وَلا تَقْطَعْ أَثَرِی مِنْ مَشْهَدِهِ وَزِیارَةِ أَبِیهِ وَجَدِّهِ

میری آخری حاضری و زیارت قرار نہ دے اور اس کی زیارت گاہ سے میرا نشان قدم قطع نہ کر کہ میں نے انکے باپ دادا کی زیارت بھی کی ہے میں نے جو

اَلـلّٰهُـمَّ أَخْـلِفْ عَـلَـیَّ نَفَقَتِی وَانْفَعْنِی بِما رَزَقْتَنِی فِی دُنْیایَ وَآخِرَتِی لِی وَلِإِخْوانِی وَأَبَوَیَّ وَجَمِیعِ

خرچ کیا ہے اس کا بدلہ دے دنیا و آخرت میں جو روزی دی ہے اسے مفید بنا میرے لیے میرے بھائیوں اور والدین کے لیے اور میرے سارے خاندان

عِتْـرَتِی أَسْتَوْدِعُکَ اللّٰهَ أَیُّهَا الْإِمـامُ الَّـذِی یَـفُـوزُ بِهِ الْمُؤْمِنُونَ وَیَهْلِکُ عَلَی یَدَیْهِ الْکافِرُونَ

کے لیے میں نے آپ کو سپرد خدا کیا اے وہ امامؑ جس کے ذریعے مومنین کامیاب ہوں گے اور جس کے ہاتھوں کافر اور جھٹلانے والے لوگ ہلاک ہوں

الْـمُکَذِّبُونَ یَا مَوْلایَ یَـابْـنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ جِئْتُکَ زائِراً لَکَ وَلِأَبِیکَ وَجَدِّکَ مُتَیَقِّناً الْفَوْزَ

گے اے میرے مولا اے حسن عسکریؑ بن علی نقیؑ کے فرزند حاضر ہوا ہوں آپکی زیارت کرنے اور آپکے باپ داد کی زیارت کرنے مجھے یقین ہے کہ آپکے

بِـکُـمْ مُـعْتَقِداً إِمامَتَکُمْ اَللّٰهُمَّ اکْتُبْ هٰذِهِ الشَّهادَةَ وَالزِّیارَةَ لِی عِنْدَکَ فِی عِلِّیِّینَ وَبَلِّغْنِی بَلاغَ

ذریعے کامیاب ہو جاؤں گا میرا ایمان ہے کہ آپ امام ہیں اے معبود میرے نام پر یہ گواہی لکھ لے اور یہ زیارت اپنے ہاں علیین میں مجھے صالحین کے مقام

الصَّالِحِینَ وَانْفَعْنِی بِحُبِّهِمْ یَارَبَّ الْعالَمِینَ.

و منزل پر پہنچا اور ان سے محبت کا اجر دے اے جہانوں کے پرودگار

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com